Series SHC/1

Code No. **252/1/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

POLITICAL SCIENCE

سیاسیات

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 100*

مقررّہ وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر : 100

عام ہدایات :

(i) سب سوال لازمی قسم کے ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لئے مخصوص نمبر اُس کے مقابل درج ہیں۔

(iii) سوالات نمبر 1 تا 10 میں سے ہر ایک دو نمبر کا ہے۔ اِن سوالات میں کسی کا بھی جواب 50 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(iv) سوالات نمبر 11 تا 20 میں سے ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ اِن سوالات میں کسی کا بھی جواب 100 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(v) سوالات نمبر 21 تا 25 میں سے ہر ایک آٹھ نمبر کا ہے۔ اِن سوالات میں کسی کا بھی جواب 200 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(P.T.O)

1- آپ اِصطلاح 'قانون' سے کیا سمجھتے ہیں؟ 2

2- غیر دخل کار حکومت اور بہبودی کار حکومت میں فرق بیان کیجئے۔ 2

3- 'حقوق' اور 'دعووں' میں فرق کیجئے۔ 2

4- 'آزاد خیالیت' اِصطلاح کی تعریف لکھئے۔ 2

5- نمائندگی بانسبت کے کیا معنیٰ ہیں؟ 2

6- چناوی علاقوں کی حد بندی کرنے سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ 2

7- 'دباؤ گروپ' اور 'دلچسپی گروپ' میں فرق بیان کیجئے۔ 2

8- رائے عامہ بنانے اور ظاہر کرنے میں اخباروں کے کردار کو سمجھائیے۔ 2

9- سارک (SAARC) کی پوری شکل بیان کیجئے۔ اِس کا بڑا دفتر (سیکریٹیریٹ) کہاں واقع ہے؟ 1+1=2

10 سیاسی اشتراکیت سے سیاسی شراکت پیدا ہوتی ہے۔ اِختصار سے سمجھائیے۔ 2

11- دھرم کے بھارتی تصوّر کو مغربی لوگوں کے رِلی جن (مذہب RELIGION) کے تصوّر کا ہم معنی نہیں سمجھا جا سکتا۔ تبصرہ کیجئے۔ 4

12- حقوق کے ساتھ فرائض جڑے ہوتے ہیں۔ واضح کیجئے۔ 4

13۔ آج کے ماحول سے گاندھی واد کا کیا تعلق ہے؟ 4

14۔ 'مقابلی سرکار' اور 'مقابلی سیاسیات' کا فرق بیان کیجئے۔ ہم مقابلی سیاسیات کا مطالعہ کیوں کرتے ہیں؟ 2+2=4

15۔ مقابلی سیاسیات کے مطالعہ کے عملی طریقہ پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔ 4

16۔ چناؤ سسٹم کو بہتر بنانے کے لئے بھارتی چناؤ کمیشن نے جو قدم اٹھائے ہیں۔ ان میں سے کنھی دو کو مختصراً سمجھائیے۔ 2+2=4

17۔ بھارت کی قومی منصوبہ بندی کمیشن (NATIONALPLANNING COMMISSION) کے کنھی چار کاموں کو اختصار سے لکھئے۔ 1+1+1+1=4

18۔ کیا آپ اونچے تعلیمی اداروں میں OBC کے لئے 27 فی صد جگہوں کی محفوظیت کے حق میں ہیں؟ اپنی رائے کے حق میں وجوہات لکھئے۔ 4

19۔ علاقائی غیر توازن سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اسے ہم کیسے روک سکتے ہیں؟ 2+2

20۔ امریکہ کے ساتھ بھارت کے بدلتے ہوئے تعلقات پر تبصرہ کیجئے۔ 4

21۔ ایسا کہنا کہاں تک واجب ہوگا کہ یہ انصاف کا خیال ہے جو آزادی اور برابری کو باندھتا ہے۔ 8

یا

آپ سماجی انصاف سے کیا سمجھتے ہیں؟ بھارت میں سماجی انصاف کو بڑھاوا دینے کے لئے سرکار نے کیا قدم اٹھائے ہیں؟ 2+6=8

22۔ مارکس اِزم کے اہم اصولوں پر تبصرہ کیجئے۔ 8

یا

فاسس اِزم کیا ہوتا ہے؟ فاسس اِزم کی ترقی اور زوال کے لئے ذمّہ دار کیا باتیں تھیں؟ 4+4= 8

23۔ بھارت میں پارٹی سسٹم کی فطرت پر ایک تنقیدی نوٹ لکھئے۔ 8

یا

انڈین نیشنل کانگریس کے پروگراموں اور پالیسیوں پر ایک تنقیدی نوٹ لکھئے۔ 8

24۔ بھارت میں جمہوریت کے سامنے کیا اہم چنوتیاں ہیں؟ ہم اُن کا سامنا کیسے کرسکتے ہیں؟ 8

یا

ناخواندگی جمہوریت کی سب سے بڑی مشکل ہے۔ اِس پر مکمل تبصرہ کیجئے۔ 8

25۔ 'بھارت میں انسانی حقوق' پر ایک مختصر مضمون لکھئے۔ 8

یا

بھارت کی خارجی پالیسی کے بُنیادی اصولوں پر ایک تبصرہ پیش کیجئے۔ 8